اینستھیزیا

شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اینڈ ریسرچ سینٹر

MISSION STATEMENT

To act as a model institution to alleviate the suffering of patients with cancer through the application of modern methods of curative and palliative therapy irrespective of their ability to pay, the education of health care professionals and the public and perform research into the causes and treatment of cancer.

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
7A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan.
Tel: 042 359 5000 | UAN: 111 155 555
www.shaukatkhanum.org.pk

اینستھیز یا یا بے ہوشی کے بعد بچوں کیلئے ہدایت نامہ:

آپکا بچہ گھر جانے کیلئے تیار ہے تاہم گھر پر اس کی خصوصی دیکھ بھال کی اشد ضرورت ہوگی کیونکہ سکون آور یا بے ہوشی کی دوا کے اثرات اگلے کئی گھنٹے تک برقرار رہ سکتے ہیں۔ درج ذیل ہدایات پڑھنے سے آپ کو اندازہ ہوجائے گا کہ آپ نے اپنے بچے کی بہتر دیکھ بھال کیسے کرنی ہے۔

کھانا پینا:

اپنے بچے کو اس وقت تک دودھ مت پلائیں جب تک پوری طرح جاگ نہ جائے۔ بے ہوشی کے دو گھنٹے بعد شفاف مشروبات جیسے پانی، سیب کا جوس، پیڈیالائٹ اور ماں کا دودھ دے سکتی ہیں۔ یہ بات یاد رکھیئے کہ بے ہوشی کی ادویات کے استعمال کے بعد سر چکرانا، ابکائی آنا اور قے وغیرہ معمول کی باتیں ہیں۔ اگر آپ کا بچہ قے کرے تو اگلے کم از کم آدھے گھنٹے تک اسے کچھ پینے کو نہ دیں البتہ آدھے گھنٹے کے بعد اسے شفاف مشروبات کے چھوٹے چھوٹے گھونٹ دیں۔ آپ اسے ایک سے دو اونس مشروب پلا سکتی ہیں۔ اگر آپکا بچہ لگاتار قے کرتا رہے تو پھر اس ہدایت نامہ کے آخر میں دیئے گئے نمبروں پر ڈاکٹر یا ہسپتال سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کا بچہ اس قابل ہے کہ شفاف مشروبات پینے سے ابکائی یا قے نہیں کرتا تو پھر اسے آہستہ آہستہ نرم غذا کا استعمال شروع کرنا چاہیئے جیسے دودھ، دہی، کھیر، چاول، اُبلا ہوا انڈہ اور دلیہ۔ جب آپکا بچہ اس قابل ہوجائے کہ نرم غذا قے یا اُلٹی کیئے بغیر کھا سکتے اور ہضم کر سکتے تو پھر آپ اسے باقاعدہ خوراک دینا شروع کر دیں تاہم بہت ضروری ہے کہ کم از کم ایک روز تک تلی ہوئی غذاؤں سے پرہیز کیا جائے۔

سرگرمیاں:

آپکا بچہ اگلے چند گھنٹوں کے دوران غنودگی محسوس کر سکتا ہے، اسکا سر چکرا سکتا ہے اور وہ بے وجہ چڑ چڑے پن کا شکار ہوسکتا ہے اور یقیناً وہ سست بھی رہے گا۔ اگر آپکا بچہ یا بچی ایک سال سے کم عمر کا ہے تو اینستھیز یا کے بعد کئی گھنٹے تک وہ اس قابل نہیں ہوسکے گا کہ کسی سہارے کے بغیر اپنا سر اوپر اٹھا سکے۔ ضرورت پڑے تو آپ اپنے بازو کا سہارا دے کر یا اس کے سر کے نیچے اپنا ہاتھ رکھ کر اس کا سر اوپر اٹھا سکتے ہیں۔ سانس کے راستے کھلے رکھنے کیلئے بچے کا مناسب پوزیشن میں ہونا ضروری ہے۔ اس سلسلے میں آپ بچے کی ٹھوڑی اسکی چھاتی سے دور رکھنے میں اس کی مدد کریں، کار کی سیٹ پر بیٹھے ہوئے اس بات پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہوگی کہ بچے کی ٹھوڑی اسکی چھاتی سے دور رہے۔ جب تک بے ہوشی کا اثر ختم نہیں ہوجاتا اس وقت تک بچے کو اکیلے چلنے نہ دیں کیونکہ اس طرح بچے کے گر جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔

یاد رہے کہ بے ہوشی کا اثر ختم ہونے میں چھ گھنٹے لگتے ہیں۔ ایک پورا دن بچے کو کوئی ایسا کام نہ کرنے دیں جس پر پورے جسم کا زور لگتا ہو یا توازن قائم رکھنا پڑتا ہو جیسے سیڑھیاں چڑھنا اور سائیکل پر سواری کرنا۔

سونا:

گھر واپس جانے کے بعد آپکا بچہ غنودگی میں ہوگا یا سو رہا ہوگا۔ آپ وقفے وقفے سے بچے کا جائزہ لیتے رہیں کہ وہ ٹھیک سے سانس لے رہا ہے اور یہ کہ وہ قے تو نہیں کر رہا اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچہ کروٹ لے کر سوئے۔

ادویات اور دیگر احتیاطی تدابیر:

آپ اپنے بچے کو نزلہ زکام کی کوئی دوا نہ دیں البتہ دیگر ہر طرح کی ادویات پھر شروع کر دیں۔ اگلے ایک دو روز تک سوئی (Branula) لگنے والی جگہ میں سوزش رہے گی اور آپ محسوس کریں گے کہ وہ جگہ دُکھ رہی ہے۔ گرم ٹکور سے اس سوزش اور درد میں کمی لائی جا سکتی ہے۔ اگر یہ جگہ گرم ہوجائے، پھول جائے یا اس میں درد محسوس ہو تو درج ذیل نمبروں پر ہسپتال سے رجوع کریں۔

رابطے کیلئے معلومات:

اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں یا کسی پریشانی کا شکار ہوگئے ہیں تو ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کے نمبروں پر فون کیجئے:

35905000 42 92+ ایکسٹینشن 5136 اگر آپ کے بچے کو سانس لینے میں تکلیف محسوس ہو رہی ہو یا آپ اسے جگانے میں کامیاب نہیں ہو پا رہے یا اس کی رنگت ہو رہی ہے تو آپ کو اسے نزدیکی ہسپتال لے جانا چاہیئے تا کہ فوری طبی امداد حاصل کی جا سکے۔